دوپهر میں حسین پر کیا کیا گُذر گئي

دوپهر میں حسین پر کیا کیا گُذر گئي
پردیس میں حسین کي دُنیا اُجڑ گئي

کیا اور اِمتحان دے مَظلُومِ کربلاء
اپنوکي لاش هي دِکھے جِس جاء نظر گئي

بهائي کا غم حسین کے دل سے پوچھیئے
عبّاس تیري موت سے شِه کي کمر گئي

دل کیوں نہ تھام لے پدر دیکھے نظر سے جب
برچھي جوان بیٹے کے دل میں اُوتر گئي

اصغر کي قبر پر بُهت روتے تھے شاهِ دیں
تربت میں چاند سي میري صورة اُوتر گئي

گھر لُٹ گیا حسین کا غربت میں هاں مگر
تقدیر اُمّةِ نبي دیکھو سنور گئي

وقتِ عصر حسین کے دل کو دُوکھاتي تھي
تصویر کربلا میں اِک ایسي ٹھہر گئي

احمد کي بوسگاہ پہ بوڑھي چُھري چلي
احمد کے قلب میں چُھري غم کي اُوتر گئي

نیزے پہ سر بھي ساتھ تھا زہراء کے لال کا
اُنٹوں پہ سر کُھلے ھوے زینب جِدھر گئي

موت آئے تو حسین کا ھونٹو پہ نام ھو
اب تک غمِ حسین میں شام و سحر گئي

بُرھان دیں کے قدمومیں ھو جائے گر فِداء
تو جان لے جمالي کے عُقبیٰ نِکھر گئي

*****